# 05-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی الیکشن کمیشن نے بتایا کہ پہلی مرتبہ ای وی ایم میں بیلٹ پیپرس میں امیدواروں کی رنگین تصاویر رکھی جارہی ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے بتایا کہ بہار اسمبلی انتخابات سے ان قواعد پر عمل آوری کا آغاز ہوگا۔

۲۔مجالس مقامی انتخابات میں بی سی طبقہ کو 42 فیصد ریزرویشن سے متعلق سپریم کورٹ میں درخواست داخل ہونے کے بعد ریاستی حکومت نے چوکسی اختیار کی۔

۳۔ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی ریاست تلنگانہ کو منشیات سے پاک بنانے کے لئے اقدامات کررہے ہیں۔

اور

۴۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے ریاست میں اگلے تین دنوں میں موسلا دھار بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

Harish Rao

سابق ریاستی وزیر ہریش راؤ نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کو ایک مکتوب روانہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی جی طبی تعلیم سے متعلق داخلوں میں مقامی ریزرویشن نہ ہونے کی وجہ سے ریاست کے طلبہ کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست آندھرا پردیش میں مینجمنٹ کوٹہ کے تحت 85 فیصد نشستیں مقامی طلبہ کو دی جارہی ہیں۔اسی طرح تلنگانہ میں بھی نشستیں مختص کی جائیں۔ ہریش راؤ نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ مقامی سطح پر ریزرویشن نہ ہونے کی وجہ سے سینکڑوں طلبہ پی جی کی نشستوں سے محروم ہورہے ہیں۔

WEATHER:

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے ریاست میں اگلے تین دنوں میں موسلا دھار بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ رنگاریڈی ، حیدرآباد، نظام آباد، میدک، محبوب نگر، کریم نگر، متحدہ اضلاع میں شدید بارش کا امکان ہے۔کل ریاست کے بعض مقامات پر گرج چمک اور ہواؤں کے ساتھ بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

Coolddreff syrup

تلنگانہ میں ریاستی حکومت نے کھانسی کے کولڈریف سیرپ پر پابندی عائد کی ہے۔ راجستھان، مدھیہ پردیش ریاستوں میں حال ہی میں اس کے استعمال کے بعد 14 بچوں کی جان چلی گئی۔ اس تناظر میں ڈرگ کنٹرول اڈمنسٹریشن نے اس پر امتناع عائد کرنے کے احکامات جاری کئے۔ تحقیق میں اِس بات کا پتہ چلا کہ اِس دوا میں 42 فیصد زہریلی مادے موجود ہیں۔ تاحال ٹاملناڈو، مدھیہ پردیش، راجستھان، کیرلا ریاستوں میں اس پر روک لگادی گئی ہے۔

BC Reservation

مجالس مقامی انتخابات میں بی سی طبقہ کو 42 فیصد ریزرویشن سے متعلق سپریم کورٹ میں درخواست داخل ہونے کے بعد ریاستی حکومت نے چوکسی اختیار کی۔ دلائل پیش کرنے کے لئے وکلاء سے رابطہ قائم کرنے کی چیف منسٹر کی ہدایت کے بعد ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ، ریاستی وزیر پونم پربھاکر، تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ آج شام دہلی روانہ ہورہے ہیں۔

Prajavani Radu

نرمل ضلع کلکٹر ابھیلاش ابھینو، میدک ضلع کلکٹر راہول راج نے بتایا کہ مجالس مقامی انتخابات کے پیش نظر انتخابی ضابطہ اخلاق نافذ ہے، اسی لئے کل منعقد ہونے والا پرجاوانی پروگرام منسوخ کیا گیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ انتخابی ضابطہ اخلاق کے نفاذ تک پرجاوانی پروگرام کو روک دیا گیا ہے۔ ضابطہ اخلاق کے ختم ہونے کے بعد یہ پروگرام دوبارہ شروع ہوگا۔

PM Kisan Samman Nidhi

پردھان منتری کسان سماندھی اسکیم کے استفادہ کنندگان کا کہنا ہے کہ اس رقم کے ذریعہ انہیں کاشت کیلئے سرمایہ کاری میں فائدہ ہورہا ہے۔ استفادہ کنندگان نے مسرت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چار ماہ میں ایک مرتبہ دو ہزار روپے کے حساب سے سال بھر میں چھ ہزار روپے ان کے بینک کھاتہ میں جمع ہورہے ہیں۔ انہوں نے مرکزی حکومت اور وزیراعظم نریندر مودی سے اظہارِ تشکر کیا ہے۔ اِس اسکیم سے فائدہ اٹھانے والے استفادہ کنندہ راجنا سرسلہ ضلع ویملواڑہ کے ایم لکشمی راجن نے آکاش وانی سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

Sound Byte.

Bhadradri kothagudem

آدھار خدمات سے متعلق نئی فیس کا اطلاق اِس مہینہ کی ایک تاریخ سے ملک بھر میں لاگو ہوگیا ہے۔ ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم کلکٹر جیتیش وی پاٹل نے ایک بیان میں بتایا کہ ترمیم شدہ آدھار خدمات کے چارجس کی تفصیلات تمام آدھار مراکز میں آویزاں کی جائیں۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ عوام آدھار سے متعلق تمام خدمات کیلئے صرف مسلمہ آدھار سیوا مراکز یا تصدیق شدہ سنٹر سے ہی رجوع ہوں۔ ضلع کلکٹر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ فیس سے متعلق تفصیلات کی تشہیر کی جائے۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے دونوں شہروں میں بس چارجس میں اضافہ کے فیصلہ کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے ریاستی حکومت پر تنقید کی ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اس سلسلہ میں ایک پوسٹ کیا۔ کے ٹی آر نے کہا کہ سٹی بس چارجس میں ایک ساتھ دس روپے کا اضافہ کیا گیا ہے جو کہ غریب اور متوسط طبقہ کے مسافرین پر بھاری بوجھ ہے۔ کے ٹی آر نے مزید کہا کہ اس اضافہ سے ہر مسافر کو ماہانہ پانچ سو روپے زائد کا بوجھ پڑے گا۔

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی ریاست تلنگانہ کو منشیات سے پاک بنانے کے لئے اقدامات کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک کا مستقبل نوجوانوں پر منحصر ہے۔اگر وہ منشیات کی لت کا شکار ہوجائیں تو مستقبل خطرہ میں پڑسکتا ہے۔ریاستی وزیر نے بتایا کہ منشیات اور گانجہ کے خلاف نارکوٹیکس بیورو کے ذریعہ سخت کارروائی کی جارہی ہے اوراس طرح کی سرگرمیوں کو آہنی پنجہ سے کچلا جارہا ہے۔

Election Commission

مرکزی الیکشن کمیشن نے بتایا کہ پہلی مرتبہ ای وی ایم میں بیلٹ پیپرس میں امیدواروں کی رنگین تصاویر رکھی جارہی ہیں۔چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے بتایا کہ بہار اسمبلی انتخابات سے ان قواعد پر عمل آوری کا آغاز ہوگا۔انہوں نے بتایا کہ بہار میں 22 نومبر سے قبل اسمبلی انتخابات کا عمل مکمل کرلیا جائے گا۔ جملہ 243 حلقوں میں انتخابات کے عمل کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ دنوں میں بہار کا دوروزہ دورہ کرتے ہوئے تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین سے ملاقات کی گئی ہے۔

Godavari

محکمہ آبرسانی کے ایم ڈی اشوک ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ شہریانِ حیدرآباد پینے کے پانی کی فراہمی کیلئے گوداوری سے پانی کی منتقلی کی اسکیم کی فیس 2 اور فیس 3 پروجیکٹ کے کام جلد شروع کئے جائیں۔اس پروجیکٹ کے حصہ کے طور پر تعمیر کئے جانے والے ماسٹر بیلنسنگ ریزروائر کے کاموں کا آج انہوں نے معائنہ کیا۔واضح رہے کہ موسیٰ ندی کی بحالی دونوں ذخائر آب کو گوداوری کے پانی کی سربراہی کے مقصد سے اس پروجیکٹ کیلئے حکومت نے سات ہزار 360 کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔

Telangana Housing Board

تلنگانہ ہاؤزنگ بورڈ کے زیر اہتمام کل سے اس مہینہ کی دس تاریخ تک جی ایچ ایم سی کے تحت واقع مضافات میں موجود مخلوعہ پلاٹس فروخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ چنتل، نظام پیٹ، نا مپلی، واچو پلی، کوکٹ پلی اور راوی رالا میں اراضیات کے علاوہ کمرشیل فلیٹس اور اپارٹمنٹس کی ہراج کے ذریعہ فروخت عمل میں آئے گی۔

Wanaparthy Dist

ریاستی ہائی کورٹ کے جج جسٹس جولا کنٹی انیل کمار نے کہا کہ عوام کو سچائی پر مبنی عاجلانہ انصاف رسانی عدلیہ کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں اور خواتین سے متعلق قوانین کے معاملہ میں تمام میں شعور بیداری ہونی چاہئے۔ انہوں نے ونپرتی میں 120 ایکڑ پر 81 کروڑ کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے ڈسٹرکٹ کورٹ کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس تقریب میں تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس اپریش کمار سنگھ کے علاوہ دیگر موجود تھے۔

Sound Byte.

○○